روزنامہ
الفضل ربوہ
ایڈیٹر : عبدالسمیع خان
213029
CPL 61

قدرت ثانیہ نمبر
جلد 85-50
نمبر 117

25 - مئی 2000ء
20 صفر 1421ھ
25 ہجرت 1379ھش
بروز جمعرات

خلافت کے قیام کا مدعا توحید اور عبادت الٰہی کا قیام ہے

یہ ایک ایسا شجرہ طیبہ ہے جس کی جڑیں زمین میں گہری پیوست ہیں

حمد و شکر کا پہلو ایک ابدی اور لازوال پہلو ہے جو منصب خلافت سے وابستہ ہے

خلافت کی عظمت اور برکات کے متعلق حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ کے ارشادات

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ نے منصب خلافت پر فائز ہونے کے بعد اپنے پہلے خطبہ جمعہ فرمودہ 11 جون 82ء بمقام بیت اقصیٰ ربوہ میں فرمایا

خلافت کے قیام کا مدعا توحید کا قیام ہے اور اللہ تعالیٰ کا یہ وعدہ ہے اٹل۔ ایسا کہ جو کبھی ٹل نہیں سکتا' زائل نہیں ہو سکتا' اس میں کوئی تبدیلی کبھی نہیں آئے گی (۔) خلافت کا انعام یعنی آخری پھل تمہیں یہ عطا کیا جائے گا کہ میری عبادت کرو گے' میرا کوئی شریک نہیں ٹھہراؤ گے کامل توحید کے ساتھ تم میری عبادت کرتے چلے جاؤ گے اور میرے حمد و ثناء کے گیت گایا کرو گے۔ یہ وہ آخری جنت کا وعدہ ہے جو جماعت احمدیہ سے کیا گیا اور مجھے یقین ہے اور جو نظارے ہم نے دیکھے ہیں اور جن کے نتیجہ میں غم کے دھاروں کے علاوہ حمد کے دھارے بھی ساتھ بہہ رہے ہیں اور شکر کے دھارے بھی ساتھ ہی بہہ رہے ہیں ایسے حیرت انگیز ہیں کہ آج دنیا میں کوئی قوم اس کے پاسنگ کو بھی نہیں پہنچ سکتی جو جماعت احمدیہ کا مقام اس دنیا میں ہے وہ کسی اور جماعت کا نہیں (۔) **پس کامل بھروسہ اور کامل توکل** تھا اللہ کی ذات پر کہ وہ خلافت احمدیہ کو کبھی ضائع نہیں ہونے دے گا۔ ہمیشہ قائم و دائم رکھے گا۔ زندہ اور تازہ اور جوان اور ہمیشہ مہکنے والے عطر کی خوشبو سے معطر رکھتے ہوئے اس شجرۂ طیبہ کی صورت میں اس کو ہمیشہ زندہ و قائم رکھے گا جس کے متعلق وعدہ ہے اللہ تعالیٰ کا کہ (۔) کہ ایسا شجرۂ طیبہ ہے جس کی جڑیں زمین میں گہری پیوست ہیں اور کوئی دنیا کی طاقت اسے اکھاڑ کر پھینک نہیں سکتی۔ یہ شجرۂ خبیثہ نہیں ہے کہ جس کے دل میں آئے وہ اسے اٹھا کر' اسے اکھاڑ کے ایک جگہ سے دوسری جگہ پھینک دے۔ کوئی آندھی' کوئی ہوا اس (شجرہ طیبہ) کو اپنے مقام سے ٹلا نہیں سکے گی اور شاخیں آسمان سے' اپنے رب سے باتیں کر رہی ہیں اور ایسا درخت **نو بہار اور سدا بہار** ہے۔ ایسا عجیب ہے یہ درخت کہ ہمیشہ نو بہار رہتا ہے کبھی خزاں کا منہ نہیں دیکھتا ہر وقت' ہر آن اپنے رب سے پھل پاتا چلا جاتا ہے۔ اس پر کوئی خزاں کا وقت نہیں آتا اور اللہ کے حکم سے پھل پاتا ہے اس میں نفس کی کوئی ملونی شامل نہیں ہوتی (۔) حمد اور شکر کا پہلو ایک ابدی پہلو ہے۔ وہ ایک لازوال پہلو ہے۔ وہ کسی شخص کے ساتھ وابستہ نہیں۔ نہ پہلے کسی خلیفہ کی ذات سے وابستہ تھا' نہ میرے ساتھ ہے نہ آئندہ کسی خلیفہ کی ذات سے وابستہ ہے۔ وہ منصب خلافت کے ساتھ وابستہ ہے۔ وہ' وہ پہلو ہے جو زندہ و تابندہ ہے۔ اس پر کبھی موت نہیں آئے گی انشاء اللہ تعالیٰ۔ ہاں ایک شرط کے ساتھ اور وہ شرط یہ ہے (۔) کہ دیکھو اللہ تم سے وعدہ تو کرتا ہے کہ تمہیں اپنا خلیفہ بنائے گا زمین میں' لیکن کچھ تم پر بھی ذمہ داریاں ڈالتا ہے۔ تم میں سے ان لوگوں سے وعدہ کرتا ہے جو ایمان لاتے ہیں اور عمل صالح بجا لاتے ہیں۔ پس اگر نیکی کے اوپر جماعت قائم رہی اور ہماری دعا ہے اور ہمیشہ ہماری کوشش رہے گی کہ ہمیشہ ہمیش کے لئے یہ جماعت نیکی پر ہی قائم رہے' صبر کے ساتھ اور وفا کے ساتھ' تو خدا تعالیٰ کا یہ وعدہ بھی ہمیشہ ہمارے ساتھ وفا کرتا چلا جائے گا اور خلافت احمدیہ اپنی پوری شان کے ساتھ شجرۂ طیبہ بن کر ایسے درخت کی طرح لہلہاتی رہے گی جس کی شاخیں آسمان سے باتیں کر رہی ہوں۔

(الفضل 22 جون 82ء)

ایمان لانے والوں اور عمل صالح کرنے والوں سے خلافت کا وعدہ کیا گیا ہے

سنت رسولؐ اور خلفائے راشدین کی سنت کو مضبوطی سے پکڑے رکھنا

خلافت کی عظمت اور برکات کے بارہ میں اللہ تعالیٰ اور رسول اللہؐ کے بابرکت ارشادات

قیام خلافت کا وعدہ

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔اللہ نے تم میں سے ایمان لانے والوں اور مناسب حال عمل کرنے والوں سے وعدہ کیا ہے کہ وہ ان کو زمین میں خلیفہ بنادے گا جس طرح ان سے پہلے لوگوں کو خلیفہ بنادیا تھا اور جو دین اس نے ان کے لئے پسند کیا ہے وہ ان کے لئے اسے مضبوطی سے قائم کر دے گا اور ان کے خوف کی حالت کے بعد وہ ان کے لئے امن کی حالت تبدیل کر دے گا۔ وہ میری عبادت کریں گے اور کسی چیز کو میرا شریک نہیں بنائیں گے اور جو لوگ اس کے بعد بھی انکار کریں گے وہ نافرمانوں میں سے قرار دیئے جائیں گے۔ (النور-56)

ہر نبوت کالازمہ

آنحضرت ﷺ نے فرمایا ہر نبوت کے بعد خلافت ہوتی ہے۔

(کنز العمال جلد 6 ص 109)

خلیفہ خدا بناتا ہے

حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے مجھے اپنی بیماری کے دوران فرمایا۔ اپنے والد ابوبکر اور بھائی کو بلوالو تاکہ میں انہیں ایک تحریر لکھ دوں۔ کیونکہ مجھے ڈر ہے کہ کئی دعویدار اٹھ کھڑے ہوں گے۔ کوئی کہے گا کہ میں خلافت کا زیادہ حقدار ہوں۔ حالانکہ اللہ تعالیٰ اور مومن ابوبکر کے سوا کسی کو خلیفہ بنانے پر راضی نہیں ہوں گے۔

(مسلم کتاب فضائل الصحابۃ باب من فضائل ابوبکر)

خلافت نبوت

حضرت عبدالرحمٰن بن ابوبکرۃؓ بیان کرتے ہیں کہ میں اپنے باپ کے ساتھ معاویہؓ سے ملنے گیا۔ جب ہم ان کے پاس حاضر ہوئے تو انہوں نے میرے والد سے کہا۔ اے ابوبکرۃؓ! مجھے ایسی حدیث سنائیں جو آپ نے آنحضرت ﷺ سے سنی ہو۔ اس پر ابوبکرۃؓ نے کہا کہ آنحضرت ﷺ کو اچھے خواب بہت پسند تھے اور آپؐ ان کے بارہ میں پوچھا کرتے تھے۔ ایک دن حضورؐ نے لوگوں سے پوچھا۔ تم میں سے کسی نے کوئی خواب دیکھا ہے تو حاضرین میں سے ایک شخص نے کہا۔ اے اللہ کے رسول! میں نے خواب میں دیکھا کہ ایک ترازو آسمان سے لٹکایا گیا ہے۔ آپؐ کا وزن ابوبکرؓ سے کیا گیا۔ آپؐ کا پلڑا جھک گیا۔ پھر ابوبکرؓ کا وزن عمرؓ سے کیا گیا تو ابوبکرؓ کا پلڑا جھک گیا۔ پھر عمرؓ کا وزن عثمانؓ سے کیا گیا تو عمرؓ کا پلڑا جھک گیا۔ پھر ترازو اٹھا لیا گیا۔ آنحضرت ﷺ نے اس خواب کی یہ تعبیر فرمائی کہ خلافت نبوت کی طرف اشارہ ہے۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ جسے چاہے گا حکومت دے گا۔

(مسند احمد بن حنبل۔ مسند البصریین حدیث 19547)

اطاعت خلفاء

حضرت عرباض بن ساریہؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک دن نماز فجر کے بعد حضور ﷺ نے ایسا پر اثر وعظ فرمایا جس سے آنکھیں چھلک پڑیں اور دل لرز اٹھے۔ اس پر ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ یہ تو ایسا وعظ ہے جیسے کوئی الوداع کرنے والا وصیت کرتا ہے۔ آپ ہمیں کیا خاص نصیحت فرماتے ہیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا۔

میں تمہیں اللہ کا تقویٰ اختیار کرنے اور سننے اور اطاعت کرنے کی نصیحت کرتا ہوں۔ اگرچہ تم پر حبشی غلام سردار مقرر کر دیا جائے تم میں سے جو زندہ رہے گا وہ بڑے اختلاف دیکھے گا۔ پس تم بدعات سے بچنا کیونکہ یہ ضلالت پر مبنی ہوتی ہیں۔ تم میں سے جو یہ زمانہ پائے وہ میری سنت کو اختیار کرے اور خلفائے راشدین مہدیین کی سنت کو اختیار کرے۔ اپنے دانتوں کے ساتھ اس سنت کو مضبوطی سے تھام لینا۔

(ترمذی کتاب العلم باب الاخذ بالسنۃ)

خلافت علیٰ منہاج النبوۃ

حضرت حذیفہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا تم میں نبوت قائم رہے گی جب تک اللہ چاہے گا پھر وہ اس کو اٹھا لے گا اور خلافت علیٰ منہاج النبوۃ قائم ہوگی۔ پھر اللہ تعالیٰ جب چاہے گا اس نعمت کو بھی اٹھا لے گا۔ پھر اس کی تقدیر کے مطابق ایذا رساں بادشاہت قائم ہوگی (جس سے لوگ دل گرفتہ ہوں گے اور تنگی محسوس کریں گے) جب یہ دور ختم ہوگا تو اس کی دوسری تقدیر کے مطابق اس سے بھی بڑھ کر جابر بادشاہت قائم ہوگی یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کا رحم جوش میں آئے گا اور اس ظلم وستم کے دور کو ختم کر دے گا۔ اس کے بعد پھر خلافت علیٰ منہاج النبوۃ قائم ہوگی۔ یہ فرما کر آپؐ خاموش ہو گئے۔

(مشکوۃ باب الانذار والتحذیر)

امام کی بیعت

حضرت ابن عمرؓ بیان کرتے ہیں کہ میں نے آنحضرت ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا جس نے اللہ تعالیٰ کی اطاعت سے اپنا ہاتھ کھینچا وہ اللہ تعالیٰ سے (قیامت کے دن) اس حالت میں ملے گا کہ نہ اس کے پاس کوئی دلیل ہوگی نہ عذر۔ اور جو شخص اس حال میں مرا کہ اس نے امام وقت کی بیعت نہیں کی تھی تو وہ جاہلیت اور گمراہی کی موت مرا۔

(مسلم کتاب الامارۃ باب الامر بلزوم الجماعۃ)

پبلشر آغا سیف اللہ - پرنٹر قاضی منیر احمد - مطبع ضیاء الاسلام پریس- مقام اشاعت دار النصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت 7 روپے

مرتبہ: صفدر نذیر گولیکی صاحب

تمہارے لئے دوسری قدرت کا دیکھنا بھی ضروری ہے اس کا سلسلہ قیامت تک منقطع نہیں ہو گا

انبیاء کے مشن کی تکمیل خلافت سے وابستہ ہوتی ہے

خلافت کا نظام اس لئے ہے کہ دنیا کبھی اور کسی زمانہ میں برکات رسالت سے محروم نہ رہے

خلافت کا عظیم مقام اور اس کی برکات حضرت مسیح موعود اور حضرت مصلح موعود کی تحریرات کی روشنی میں

ارشادات حضرت مسیح موعود

خلیفہ کے معنیٰ

"خلیفہ کے معنے جانشین کے ہیں جو تجدید دین کرے۔ نبیوں کے زمانہ کے بعد جو تاریکی پھیل جاتی ہے اس کو دور کرنے کے واسطے جو ان کی جگہ آتے ہیں انہیں خلیفہ کہتے ہیں۔"

(ملفوظات جلد چہارم ص383)

خلیفہ اللہ تعالیٰ منتخب فرماتا ہے

"صوفیاء نے لکھا ہے کہ جو شخص کسی شیخ یا رسول اور نبی کے بعد خلیفہ ہونے والا ہوتا ہے تو سب سے پہلے خدا کی طرف سے اس کے دل میں حق ڈالا جاتا ہے۔ جب کوئی رسول یا مشائخ وفات پاتے ہیں تو دنیا پر ایک زلزلہ آجاتا ہے اور وہ ایک بہت ہی خطرناک وقت ہوتا ہے مگر خدا تعالیٰ کسی خلیفہ کے ذریعہ اس کو مٹاتا ہے اور پھر گویا اس امر کا از سر نو اس خلیفہ کے ذریعہ اصلاح و استحکام ہوتا ہے۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کیوں اپنے بعد خلیفہ مقرر نہ کیا؟ اس میں بھی یہی بھید تھا کہ آپؐ کو خوب علم تھا کہ اللہ تعالیٰ خود ایک خلیفہ مقرر فرما دے گا کیونکہ یہ خدا کا ہی کام ہے اور خدا کے انتخاب میں نقص نہیں۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اس کام کے واسطے خلیفہ بنایا اور سب سے اول حق انہی کے دل میں ڈالا...."

(ملفوظات جلد دوم ص229-230)

مقام خلافت کی تجلیات

"...جب تو اس مقام تک پہنچ گیا تو تو نے اپنی کوشش کو انتہاء تک پہنچا دیا اور فنا کے مرتبہ تک پہنچ گیا۔ پس اس وقت تیرے سلوک کا درخت اپنے کامل نشوونما تک پہنچ جائے گا اور تیری روح کی گردن تقدس اور بزرگی کے مرغزار کے نرم سبزہ تک پہنچ جائے گی اس اونٹنی کی مانند جس کی گردن لمبی ہو اور اس نے اپنی گردن کو ایک سبز درخت تک پہنچا دیا ہو اور اس کے بعد حضرت احدیت کے جذبات ہیں اور خوشبوئیں ہیں اور تجلیات ہیں تا وہ بعض ان رگوں کو کاٹ دے کہ جو بشریت میں سے باقی رہ گئی ہوں اور بعد اس کے زندہ کرنا ہے اور باقی رکھنا اور قریب کرنا اس نفس کا جو خدا کے ساتھ آرام پکڑ چکا ہے جو خدا سے راضی اور خدا اس سے راضی اور فنا شدہ ہے تاکہ یہ بندہ حیات ثانی کے بعد قبول فیض کے لئے مستعد ہو جائے اور اس کے بعد انسان کامل کو حضرت احدیت کی طرف سے خلافت کا پیرایہ پہنایا جاتا ہے اور رنگ دیا جاتا ہے الوہیت کی صفتوں کے ساتھ۔ اور یہ رنگ ظلی طور پر ہوتا ہے تا مقام خلافت متحقق ہو جائے اور پھر اس کے بعد خلقت کی طرف اترتا ہے تا ان کو روحانیت کی طرف کھینچے اور زمین کی تاریکیوں سے باہر لا کر آسمانی نوروں کی طرف لے جائے۔ اور یہ انسان ان سب کا وارث کیا جاتا ہے جو نبیوں اور صدیقوں اور اہل علم اور درایت میں سے اور قرب اور ولایت کے سورجوں میں سے اس سے پہلے گزر چکے ہیں۔ اور دیا جاتا ہے اس کو علم اولین کا اور معارف گزشتہ اہل بصیرت و حکمائے ملت کے تا اس کے لئے مقام وراثت کا متحقق ہو جائے۔ پھر یہ بندہ زمین پر ایک مدت تک جو اس کے رب کے ارادے میں ہے توقف کرتا ہے تاکہ مخلوق کو نور ہدایت کے ساتھ منور کرے اور جب خلقت کو اپنے رب کے نور کے ساتھ روشن کر چکا یا امر تبلیغ کو بقدر کفایت پورا کر دیا پس اس وقت اس کا نام پورا ہو جاتا ہے اور اس کا رب اس کو بلاتا ہے اور اس کی روح اس کے نفسی نقطہ کی طرف اٹھائی جاتی ہے۔"

(ترجمہ از خطبہ الہامیہ ص38 تا 40 روحانی خزائن جلد16)

خلافت میں شجاعت و فراست کی روح پھونکی جاتی ہے

"حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا قول ہے کہ بباعث چند در چند فتنوں اور بغاوت اعراب اور کھڑے ہونے والے جھوٹے پیغمبروں کے میرے باپ پر جبکہ وہ خلیفہ رسول اللہ صلعم مقرر کیا گیا وہ مصیبتیں پڑیں اور وہ غم دل پر نازل ہوئے کہ اگر وہ غم کسی پہاڑ پر پڑتے تو وہ بھی گر پڑتا اور پاش پاش ہو جاتا اور زمین سے ہموار ہو جاتا مگر چونکہ خدا کا یہ قانون قدرت ہے کہ جب خدا کے رسول کا کوئی خلیفہ اس کی موت کے بعد مقرر ہوتا ہے تو شجاعت اور ہمت اور استقلال اور فراست اور دل قوی ہونے کی روح اس میں پھونکی جاتی ہے جیسا کہ یشوع کی کتاب باب اول آیت 6 میں حضرت یشوع کو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ مضبوط ہو اور دلاوری کر یعنی موسیٰ تو مر گیا اب تو مضبوط ہو جا۔ یہی حکم قضاء و قدر کے رنگ میں نہ شرعی رنگ میں حضرت ابوبکرؓ کے دل پر بھی نازل ہوا تھا۔"

(تحفہ گولڑویہ روحانی خزائن جلد17 ص186)

انبیاء کے مشن کی تکمیل خلافت سے وابستہ ہوتی ہے۔

"یہ خدا تعالیٰ کی سنت ہے اور جب سے کہ اس نے انسان کو زمین میں پیدا کیا ہمیشہ اس سنت کو وہ ظاہر کرتا رہا ہے کہ وہ اپنے نبیوں اور رسولوں کی مدد کرتا ہے اور ان کو غلبہ دیتا ہے جیسا کہ وہ فرماتا ہے (اللہ نے فیصلہ کر چھوڑا ہے کہ میں اور میرے رسول ہی غالب ہوں گے۔ ترجمہ از ناقل) اور غلبہ سے مراد یہ ہے کہ جیسا کہ رسولوں اور نبیوں کا یہ منشاء ہوتا ہے کہ خدا کی حجت زمین پر پوری ہو جائے اور اس کا مقابلہ کوئی نہ کر سکے اسی طرح خدا تعالیٰ قوی نشانوں کے ساتھ ان کی سچائی ظاہر کر دیتا ہے اور جس راستبازی کو وہ دنیا میں پھیلانا چاہتے ہیں اس کی تخمریزی انہی کے ہاتھ سے کر دیتا ہے لیکن اس کی پوری تکمیل ان کے ہاتھ سے نہیں کرتا بلکہ ایسے وقت میں ان کو وفات دے کر جو بظاہر ایک ناکامی کا خوف اپنے ساتھ رکھتا ہے مخالفوں کو ہنسی اور ٹھٹھے اور طعن و تشنیع کا موقع دے دیتا ہے اور جب وہ ہنسی ٹھٹھا کر چکتے ہیں تو پھر ایک دوسرا ہاتھ اپنی قدرت کا دکھاتا ہے اور ایسے اسباب پیدا کر دیتا ہے جن کے ذریعہ سے وہ مقاصد جو کسی قدر ناتمام رہ گئے تھے اپنے کمال کو پہنچتے ہیں۔ غرض دو قسم کی قدرت ظاہر کرتا ہے (1) اول خود نبیوں کے ہاتھ سے اپنی قدرت کا ہاتھ دکھاتا ہے (2) دوسرے ایسے وقت میں جب نبی کی وفات کے بعد مشکلات کا سامنا پیدا ہو جاتا ہے اور دشمن زور میں آجاتے ہیں اور خیال کرتے ہیں کہ اب کام بگڑ گیا اور یقین کر لیتے ہیں کہ اب یہ جماعت نابود ہو جائے گی اور خود جماعت کے لوگ بھی تردد میں پڑ جاتے ہیں اور ان کی کمریں ٹوٹ جاتی ہیں اور کئی بدقسمت مرتد ہونے کی راہیں اختیار کر لیتے ہیں تب خدا تعالیٰ دوسری مرتبہ اپنی زبردست قدرت ظاہر کرتا ہے اور گرتی ہوئی جماعت کو سنبھال لیتا ہے پس وہ جو اخیر تک صبر کرتا ہے خدا تعالیٰ کے اس معجزہ کو دیکھتا ہے جیسا کہ حضرت ابوبکر صدیقؓ کے وقت میں ہوا جبکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی موت ایک بے وقت موت سمجھی گئی اور بہت سے بادیہ نشین نادان مرتد ہو گئے اور صحابہؓ بھی مارے غم کے دیوانہ کی طرح ہو گئے تب خدا تعالیٰ نے حضرت ابوبکر صدیقؓ کو کھڑا کر کے دوبارہ اپنی قدرت کا نمونہ دکھایا اور اسلام کو نابود ہوتے ہوتے تھام لیا اور اس وعدہ کو پورا کیا جو فرمایا تھا (۔) یعنی خوف کے بعد پھر ہم ان کے پیر جما دیں گے۔ ایسا ہی حضرت موسیٰ علیہ السلام کے وقت میں ہوا جبکہ حضرت موسیٰؑ مصر اور کنعان کی راہ میں پہلے اس سے جو بنی اسرائیل کو وعدہ کے موافق منزل مقصود تک پہنچا دیں فوت ہو گئے اور بنی اسرائیل میں ان کے مرنے سے ایک بڑا ماتم برپا ہوا جیسا کہ تورات

میں لکھا ہے کہ بنی اسرائیل اس بے وقت موت کے صدمہ سے اور حضرت موسیٰ کی ناگہانی جدائی سے چالیس دن تک روتے رہے۔ ایسا ہی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ساتھ معاملہ ہوا اور صلیب کے واقعہ کے وقت تمام حواری تتر بتر ہو گئے اور ایک ان میں سے مرتد بھی ہو گیا۔"

(الوصیت ص 7-9)

قدرت ثانیہ کا سلسلہ قیامت تک منقطع نہیں ہوگا

"سوائے عزیزو! جبکہ قدیم سے سنت اللہ یہی ہے کہ خدا تعالیٰ دو قدرتیں دکھلاتا ہے تا مخالفوں کی دو جھوٹی خوشیوں کو پامال کر کے دکھلاوے سو اب ممکن نہیں ہے کہ خدا تعالیٰ اپنی قدیم سنت کو ترک کر دیوے اس لئے تم میری اس بات سے جو میں نے تمہارے پاس بیان کی غمگین مت ہو اور تمہارے دل پریشان نہ ہو جائیں کیونکہ تمہارے لئے دوسری قدرت کا بھی دیکھنا ضروری ہے اور اس کا آنا تمہارے لئے بہتر ہے کیونکہ وہ دائمی ہے جس کا سلسلہ قیامت تک منقطع نہیں ہوگا اور وہ دوسری قدرت نہیں آسکتی جب تک میں نہ جاؤں لیکن میں جب جاؤں گا تو پھر خدا اس دوسری قدرت کو تمہارے لئے بھیج دے گا جو ہمیشہ تمہارے ساتھ رہے گی جیسا کہ خدا کا براہین احمدیہ میں وعدہ ہے اور وہ وعدہ میری ذات کی نسبت نہیں ہے بلکہ تمہاری نسبت وعدہ ہے جیسا کہ خدا فرماتا ہے کہ میں اس جماعت کو جو تیرے پیرو ہیں قیامت تک دوسروں پر غلبہ دوں گا۔ سو ضرور ہے کہ تم پر میری جدائی کا دن آوے تا بعد اس کے وہ دن آوے جو دائمی وعدہ کا دن ہے وہ ہمارا خدا وعدوں کا سچا اور وفادار اور صادق خدا ہے وہ سب کچھ تمہیں دکھائے گا جس کا اس نے وعدہ فرمایا۔ اگرچہ یہ دن دنیا کے آخری دن ہیں اور بہت بلائیں ہیں جن کے نزول کا وقت ہے پر ضرور ہے کہ یہ دنیا قائم رہے جب تک وہ تمام باتیں پوری نہ ہو جائیں جن کی خدا نے خبر دی۔"

(الوصیت ص 9-10)

قدرت ثانیہ کے مظہر وجودوں کی نسبت پیشگوئی

"میں خدا کی طرف سے ایک قدرت کے رنگ میں ظاہر ہوا اور میں خدا کی ایک مجسم قدرت ہوں اور میرے بعد بعض اور وجود ہوں گے جو دوسری قدرت کا مظہر ہوں گے۔"

(الوصیت ص 10)

نظام خلافت کی دائمی ضرورت واہمیت

"خلیفہ جانشین کو کہتے ہیں اور رسول کا جانشین حقیقی معنوں کے لحاظ سے وہی ہو سکتا ہے جو ظلی طور پر رسول کے کمالات اپنے اندر رکھتا ہو۔ اس واسطے رسول کریم ﷺ نے نہ چاہا کہ ظالم بادشاہوں پر خلیفہ کا لفظ اطلاق ہو کیونکہ خلیفہ درحقیقت رسول کا ظل ہوتا ہے اور چونکہ کسی انسان کے لئے دائمی طور پر بقا نہیں لہٰذا خدا تعالیٰ نے ارادہ کیا کہ رسولوں کے وجود کو جو تمام دنیا کے وجودوں سے اشرف و اولیٰ ہیں ظلی طور پر ہمیشہ کے لئے تا قیامت قائم رکھے سو اسی غرض سے خدا تعالیٰ نے خلافت کو تجویز کیا تا دنیا کبھی اور کسی زمانہ میں برکات رسالت سے محروم نہ رہے۔"

(شہادۃ القرآن۔ روحانی خزائن جلد 6 ص 253)

ارشادات حضرت مصلح موعود

خلافت کی اطاعت سے ہی الٰہی نصرت ملتی ہے

"..... وہی خدا جو اس وقت فوجوں کے ساتھ تائید کے لئے آیا آج میری مدد پر ہے اور اگر آج تم خلافت کی اطاعت کے نکتہ کو سمجھو تو تمہاری مدد کو بھی آئے گا۔ نصرت ہمیشہ اطاعت سے ملتی ہے۔ جب تک خلافت قائم رہے نظامی اطاعت پر، اور جب خلافت مٹ جائے انفرادی اطاعت پر ایمان کی بنیاد ہوتی ہے۔"

(الفضل 4 ستمبر 1937ء)

ہر قسم کی فضیلت امام کی اطاعت میں ہے

"یاد رکھو ایمان کسی خاص چیز کا نام نہیں بلکہ ایمان نام ہے اس بات کا کہ خدا تعالیٰ کے قائم کردہ نمائندہ کی زبان سے جو بھی آواز بلند ہو اس کی اطاعت اور فرمانبرداری کی جائے...... ہزار دفعہ کوئی شخص کہے کہ میں مسیح موعود پر ایمان لاتا ہوں، ہزار دفعہ کوئی کہے کہ میں احمدیت پر ایمان رکھتا ہوں۔ خدا کے حضور اس کے ان دعووں کی کوئی قیمت نہیں ہوگی جب تک وہ اس شخص کے ہاتھ میں اپنا ہاتھ نہیں دیتا جس کے ذریعہ خدا اس زمانہ میں (دین) قائم کرنا چاہتا ہے۔ جب تک جماعت کا ہر شخص پاگلوں کی طرح اس کی اطاعت نہیں کرتا اور جب تک اس کی اطاعت میں اپنی زندگی کا ہر لحہ بسر نہیں کرتا۔ اس وقت تک وہ کسی قسم کی فضیلت اور بڑائی کا حقدار نہیں ہو سکتا۔"

(الفضل 15 نومبر 1946ء)

خلفاء ہی قرب الٰہی کے حصول میں ممد ہیں

"انبیاء اور خلفاء اللہ تعالیٰ کے قرب کے حصول میں ممد ہوتے ہیں جیسے کمزور آدمی پہاڑ کی چڑھائی پر نہیں چڑھ سکتا تو سونٹے یا کھڈ سٹک کا سہارا لے کر چڑھتا ہے اسی طرح انبیاء اور خلفاء لوگوں کے لئے سہارے ہیں، وہ دیواریں نہیں جنہوں نے الٰہی قرب کے راستوں کو روک رکھا ہے بلکہ وہ سونٹے اور سہارے ہیں جن کی مدد سے کمزور آدمی بھی اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کر لیتا ہے۔"

(الفضل 11 ستمبر 1937ء)

دین کی صحیح تشریح اور وضاحت خلفاء ہی کرتے ہیں

"خلفاء کے ذریعہ سنن اور طریقے قائم کئے جاتے ہیں ورنہ احکام تو انبیاء پر نازل ہو چکے ہوتے ہیں۔ خلفاء دین کی تشریح اور وضاحت کرتے ہیں اور معلق امور کو کھول کر لوگوں کے سامنے بیان کرتے ہیں اور ایسی راہیں بتاتے ہیں جن پر چل کر (دین) کی ترقی ہوتی ہے۔"

(الفضل 4 ستمبر 1937ء)

اقامت صلوٰۃ خلیفہ کے ذریعہ ہی ہوتی ہے

فرمایا۔ "اقامت صلوٰۃ بھی اپنے صحیح معنوں میں خلافت کے بغیر نہیں ہو سکتی اور اس کی وجہ یہ ہے کہ صلوٰۃ کا بہترین حصہ جمعہ ہے جس میں خطبہ پڑھا جاتا ہے اور قومی ضرورتوں کو لوگوں کے سامنے رکھا جاتا ہے۔ اب اگر خلافت کا نظام نہ ہو تو قومی ضروریات کا پتہ کس طرح لگ سکتا ہے۔ مثلاً پاکستان کی جماعتوں کو کیا علم ہو سکتا ہے کہ چین اور جاپان اور دیگر ممالک میں اشاعت (احمدیت) کے سلسلہ میں کیا ہو رہا ہے اور (دین) ان سے کن قربانیوں کا مطالبہ کر رہا ہے۔ اگر ایک مرکز ہو گا اور ایک خلیفہ ہو گا جو تمام (احمدیوں) کے نزدیک واجب الاطاعت ہو گا تو اسے تمام اکناف عالم سے رپورٹیں پہنچتی رہیں گی کہ یہاں یہ ہو رہا ہے اور وہاں وہ ہو رہا ہے اور اس طرح وہ لوگوں کو بتا سکے گا کہ آج فلاں قسم کی قربانیوں کی ضرورت ہے اور آج فلاں قسم کی خدمات کے لئے آپ کو پیش کرنے کی حاجت ہے..... مگر جب خلافت کا نظام نہ رہے تو انفرادی رنگ میں کسی کو قومی ضرورتوں کا کیا علم ہو سکتا ہے۔"

(تفسیر کبیر سورہ نور ص 368)

تمام برکات خلیفۂ وقت سے تعلق کے نتیجہ میں مل سکتی ہیں

"جب تک بار بار ہم سے مشورے نہیں لیں گے اس وقت تک ان کے کام میں کبھی برکت پیدا نہیں ہو سکتی۔ آخر خدا نے ان کے ہاتھ میں سلسلہ کی باگ نہیں دی میرے ہاتھ میں سلسلہ کی باگ دی ہے۔ انہیں خدا نے خلیفہ نہیں بنایا مجھے خدا نے خلیفہ بنایا ہے اور جب خدا نے اپنی مرضی بتانی ہوتی ہے تو مجھے بتاتا ہے انہیں نہیں بتاتا۔ پس تم مرکز سے الگ ہو کر کیا کر سکتے ہو جس کو خدا اپنی مرضی بتاتا ہے، جس پر خدا اپنے الہام نازل فرماتا ہے، جس کو خدا نے اس جماعت کا خلیفہ اور امام بنا دیا ہے اس سے مشورہ اور ہدایت حاصل کر کے تم کام کر سکتے ہو۔ اس سے جتنا تعلق رکھو گے اسی قدر تمہارے کاموں میں برکت پیدا ہو گی..... وہی شخص سلسلہ کا مفید کام کر سکتا ہے جو اپنے آپ کو امام سے وابستہ رکھتا ہے۔ اگر کوئی شخص امام کے ساتھ اپنے آپ کو وابستہ نہ رکھے تو خواہ وہ دنیا بھر کے علوم جانتا ہو وہ اتنا کام بھی نہیں کر سکے گا جتنا بکری کا بکروٹہ کر سکتا ہے۔"

(الفضل 20 نومبر 1946ء)

خلیفۂ وقت کی موجودگی میں کسی آزادانہ تدبیر اور مظاہرہ کی ضرورت نہیں

"اگر ایک امام اور خلیفہ کی موجودگی میں انسان یہ سمجھے کہ ہمارے لئے کسی آزاد تدبیر اور مظاہرہ کی ضرورت ہے تو پھر خلیفہ کی کوئی ضرورت باقی نہیں رہتی۔ امام اور خلیفہ کی ضرورت یہی ہے کہ ہر قدم جو مومن اٹھاتا ہے اس کے پیچھے اٹھاتا ہے، اپنی مرضی اور خواہشات کو اس کی مرضی اور خواہشات کے تابع کرتا ہے، اپنی تدبیروں کو اس کی تدبیروں کے تابع کرتا ہے، اپنے ارادوں کو اس کے ارادوں کے تابع کرتا ہے، اپنی آرزوؤں کو اس کی آرزوؤں کے تابع کرتا ہے اور اپنے سامانوں کو اس کے سامانوں کے تابع کرتا ہے۔ اگر اس مقام پر مومن کھڑے ہو جائیں تو ان کے لئے کامیابی اور فتح یقینی ہے۔"

(الفضل 4۔ستمبر 1937ء)

خلیفۂ وقت کی سکیم کے سوا اور کوئی سکیم قابل عمل نہیں ہونی چاہئے

"خلافت کے تو معنی ہی یہ ہیں کہ جس وقت خلیفہ کے منہ سے کوئی لفظ نکلے اس وقت سب سکیموں، سب تجویزوں اور سب تدبیروں کو پھینک کر رکھ دیا جائے اور سمجھ لیا جائے کہ اب وہی سکیم، وہی تجویز اور وہی تدبیر مفید ہے جس کا خلیفۂ وقت کی طرف سے حکم ملا ہے۔ جب تک یہ روح جماعت میں پیدا نہ ہو اس وقت تک سب خطبات رائیگاں، تمام سکیمیں باطل اور تمام تدبیریں ناکام ہیں۔"

(الفضل 31 جنوری 1936ء)

پھر فرماتے ہیں:۔

"..... جس پالیسی کو خلفاء پیش کریں گے ہم

اسے ہی کامیاب بنائیں گے اور جو پالیسی ان کے خلاف ہو گی اسے ناکام کریں گے۔ پس اگر کوئی مبائع اور مومن کوئی اور طریق اختیار کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ہم اسے ناکام کریں گے...... صرف خلیفہ کی پالیسی کو ہی کامیاب کریں گے۔"

(الفضل 4 ستمبر 1937ء)

نیز فرماتے ہیں:۔

"دین کے ایک معنی سیاست اور حکومت کے بھی ہوتے ہیں۔ اس لحاظ سے سچے خلفاء کی اللہ تعالیٰ نے یہ علامت بتائی ہے کہ جس سیاست اور پالیسی کو وہ چلائیں گے اللہ تعالیٰ اسے دنیا میں قائم فرمائے گا۔"

(تفسیر کبیر سورہ نور ص 376)

انسانی عقلیں اور تدبیریں خلافت کے تحت ہی کامیابی کی راہ دکھا سکتی ہیں

"میں تمہیں نصیحت کرتا ہوں کہ خواہ تم کتنے ہی عقل مند اور مدبر ہو اپنی تدابیر اور عقلوں پر چل کر دین کو کوئی فائدہ نہیں پہنچا سکتے جب تک تمہاری عقلیں اور تدبیریں خلافت کے ماتحت نہ ہوں اور تم امام کے پیچھے پیچھے نہ چلو ہرگز اللہ تعالیٰ کی مدد اور نصرت تم حاصل نہیں کر سکتے۔ پس اگر تم خدا تعالیٰ کی نصرت چاہتے ہو تو یاد رکھو اس کا کوئی ذریعہ نہیں سوائے اس کے کہ تمہارا اٹھنا، بیٹھنا، کھڑا ہونا اور چلنا اور تمہارا بولنا اور خاموش ہونا میرے ماتحت ہو۔"

(الفضل 4 ستمبر 1937ء)

خلیفہ کو عصمت صغریٰ حاصل ہوتی ہے

"اطاعت جس طرح نبی کی ضروری ہوتی ہے ویسے ہی خلفاء کی ضروری ہوتی ہے۔ ہاں ان دونوں اطاعتوں میں ایک امتیاز اور فرق ہوتا ہے اور وہ یہ کہ نبی کی اطاعت اور فرمانبرداری اس وجہ سے کی جاتی ہے کہ وہ وحی الٰہی اور پاکیزگی کا مرکز ہوتا ہے مگر خلیفہ کی اطاعت اس لئے نہیں کی جاتی کہ وہ وحی الٰہی اور تمام پاکیزگی کا مرکز ہوتا ہے بلکہ اس لئے کی جاتی ہے کہ وہ تنفیذ وحی الٰہی اور تمام نظام کا مرکز ہے۔ اسی لئے واقف اور اہل علم لوگ کہا کرتے ہیں کہ انبیاء کو عصمت کبریٰ حاصل ہوتی ہے اور خلفاء کو عصمت صغریٰ۔"

(الفضل 17 فروری 1935ء)

نیز فرمایا:۔

"یہ تو ہو سکتا ہے کہ ذاتی معاملات میں خلیفہ وقت سے کوئی غلطی ہو جائے لیکن ان معاملات میں جن پر جماعت کی روحانی اور جسمانی ترقی کا انحصار ہو اگر اس سے کوئی غلطی سرزد بھی ہو تو اللہ تعالیٰ اپنی جماعت کی حفاظت فرماتا ہے اور کسی نہ کسی رنگ میں اسے اس غلطی پر مطلع کر دیتا ہے۔ صوفیا کی اصطلاح میں اسے عصمت صغریٰ کہا جاتا ہے۔ گویا انبیاء کو تو عصمت کبریٰ حاصل ہوتی لیکن خلفاء کو عصمت صغریٰ حاصل ہوتی ہے اور اللہ تعالیٰ ان سے کوئی ایسی غلطی نہیں ہونے دیتا جو جماعت کے لئے تباہی کا موجب ہو۔ ان کے فیصلوں میں جزئی اور معمولی غلطیاں ہو سکتی ہیں مگر انجامکار نتیجہ یہی ہو گا کہ (دین) کو غلبہ حاصل ہو گا اور اس کے مخالفوں کو شکست ہو گی۔ گویا بوجہ اس کے کہ ان کو عصمت صغریٰ حاصل ہوتی ہے خدا تعالیٰ کی پالیسی بھی وہی ہو گی جو ان کی ہو گی بے شک بولنے والے وہ ہوں گے، زبانیں انہی کی حرکت کریں گی، ہاتھ انہی کے چلیں گے، دماغ انہی کا کام کرے گا مگر ان سب کے پیچھے خدا تعالیٰ کا اپنا ہاتھ ہو گا۔"

(تفسیر کبیر سورہ نور ص 77، 376)

اللہ تعالیٰ خلیفۂ وقت کو اپنی صفات بخشتا ہے

"خدا تعالیٰ جس شخص کو خلافت پر کھڑا کرتا ہے وہ اس کو زمانہ کے مطابق علوم بھی عطا کرتا ہے اگر وہ احمق، جاہل اور بے وقوف ہوتا ہے...... تو اس کے کیا معنی ہیں کہ خلیفہ خود خدا بناتا ہے۔ اس کے تو معنی ہی یہ ہیں کہ جب کسی کو خدا خلیفہ بناتا ہے تو اسے اپنی صفات بخشتا ہے اگر وہ اسے اپنی صفات نہیں بخشتا تو خدا تعالیٰ کے خود خلیفہ بنانے کے معنی ہی کیا ہیں۔"

(الفضل 22 نومبر 1950ء)

خلفاء کا ادب و احترام ہی کامیابی کا ذریعہ ہے

فرمایا:۔

"شریعت وہ ہے جو قرآن کریم میں بیان ہے اور آداب وہ ہیں جو خلفاء کی زبان سے نکلیں۔ پس ضروری ہے کہ آپ لوگ ایک طرف تو شریعت کا احترام قائم کریں اور دوسری طرف خلفاء کا ادب و احترام قائم کریں اور یہی چیز ہے جو مومنوں کو کامیاب کرتی ہے۔"

(الفضل 4 ستمبر 1937ء)

خلیفہ کی دعا ہی سب سے زیادہ قبول ہوتی ہے

"اللہ تعالیٰ جب کسی کو منصب خلافت پر سرفراز کرتا ہے تو اس کی دعاؤں کی قبولیت کو بڑھا دیتا ہے کیونکہ اگر اس کی دعائیں قبول نہ ہوں تو پھر اس کے اپنے انتخاب کی ہتک ہوتی ہے...... میں جو دعا کروں گا وہ انشاء اللہ فرداً فرداً ہر شخص کی دعا سے زیادہ طاقت رکھے گی۔"

(منصب خلافت ص 32)

خلیفہ خدا بناتا ہے

وہی جو خاک کے سینے سے پھول اگاتا ہے
جو پتھروں سے بھی چشمے بہا کے لاتا ہے

نہاں جو رکھتا ہے موتی صدف کے سینے میں
جو بحر و بر سے گھٹائیں نئی اٹھاتا ہے

جو کوہ و وادی و صحرا کے ذرے ذرے میں
سحر کی پہلی کرن بن کے جگمگاتا ہے

وہ خود ہے محورِ عالم اور ایک عالَم کو
وہ ایک مرکز و محور پہ لے کے آتا ہے

جلا کے وحدتِ روحانیت کا ایک چراغ
وہ اس چراغ کی لو اور بھی بڑھاتا ہے

نثار ہونے کو آتے ہیں اس پہ پروانے
وہ جب دلوں پہ وفا کے دیئے جلاتا ہے

ہزار بھڑکے جہاں میں شرار بُولہبی
چراغِ مصطفویؐ اور جگمگاتا ہے

یہی خدا کی مشیت کا ہے عمل اے دوست
یہ اس لئے کہ خلیفہ خدا بناتا ہے

عبدالسلام اختر

خلیفہ ہی دشمن کو زیر کرنے کا ذریعہ ہے

"اللہ تعالیٰ کی تائید اور نصرت کو دیکھتے ہوئے میں انسانوں پر انحصار نہیں کر سکتا۔ اور تم بھی یہ نصرت اسی طرح حاصل کر سکتے ہو کہ اطاعت کا اعلیٰ نمونہ دکھاؤ اور ایسا کرنے میں صرف خلیفہ کی اطاعت کا ثواب نہیں بلکہ موعود خلیفہ کی اطاعت کا ثواب تمہیں ملے گا۔ اگر تم کامل طور پر اطاعت کرو گے تو مشکلات کے بادل اڑ جائیں گے، تمہارے دشمن زیر ہو جائیں گے اور فرشتے آسمان سے تمہارے لئے ترقی والی نئی زمین اور تمہاری عظمت وسطوت والا نیا آسمان پیدا کریں گے لیکن شرط یہی ہے کہ کامل فرمانبرداری کرو۔"

(الفضل 4 ستمبر 1937ء)

اطاعت کی برکت

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی فرماتے ہیں۔

اگر تم کامل طور پر اطاعت کرو گے تو مشکلات کے بادل اڑ جائیں گے۔ اور فرشتے آسمان سے تمہارے لئے ترقی والی نئی زمین اور تمہاری عظمت وسطوت والا نیا آسمان پیدا کریں گے۔ لیکن شرط یہی ہے کہ کامل فرمانبرداری کرو۔

(الفضل 4۔ ستمبر 1937ء)

☆ ایک عالی شان انقلاب کی تمہید ☆

قرآن وحدیث کے عالمی درس کی حیران کن پیشگوئی

خلافت احمدیہ کی دوربین نگاہ اور اس کی آسمانی تائید

7- جنوری 1938ء کو قادیان کی بیت اقصیٰ میں پہلی دفعہ لاؤڈ سپیکر لگا- اس دن حضرت مصلح موعود نے خطبہ جمعہ میں فرمایا-

"اس خدا کا بے انتہا شکر ہے جس نے ہر زمانہ کے مطابق اپنے بندوں کے لئے سامان بہم پہنچائے ہیں- کبھی وہ زمانہ تھا کہ لوگوں کے لئے ایک جگہ سے دوسری جگہ تک چل کر جانا بہت مشکل ہوا کرتا تھا- اور اس وجہ سے بہت بڑے اجتماع ہونے ناممکن تھے لیکن آج ریلوں- موٹروں- لاریوں- بسوں- ہوائی جہازوں اور عام بحری جہازوں کی ایجاد اور افراط کی وجہ سے ساری دنیا کے لوگ بسہولت کثیر تعداد میں قلیل عرصہ میں ایک مقام پر جمع ہو سکتے ہیں.......... پس خدا نے جہاں اجتماع کے ذرائع بہم پہنچائے- وہاں لوگوں تک آواز پہنچانے کا ذریعہ بھی اس نے ایجاد کروا دیا اور ہزاروں ہزار اور لاکھوں لاکھ شکر ہے اس پروردگار کا جس نے اس چھوٹی سی بستی میں جس کا چند سال پہلے کوئی نام بھی نہیں جانتا تھا اپنے مامور کو مبعوث فرما کر اپنے وعدوں کے مطابق اس کو ہر قسم کی سہولتوں سے متمتع فرمایا- یہاں تک کہ اب ہم اپنی اس بیت الذکر میں بھی وہ آلات دیکھتے ہیں.......... آج اس آلہ کی وجہ سے اگر اس سے صحیح طور پر فائدہ اٹھایا جائے تو ایک ہی وقت میں لاکھوں آدمیوں تک بسہولت آواز پہنچائی جا سکتی ہے- اور ابھی تو ابتداء ہے- اللہ ہی بہتر جانتا ہے کہ اس آلہ کی ترقی کہاں تک ہو گی- بالکل ممکن ہے اس کو زیادہ وسعت دے کر ایسے ذرائع سے جو آج ہمارے علم میں بھی نہیں میلوں میل یا سینکڑوں میل تک آوازیں پہنچائی جا سکیں.......... پس اب وہ دن دور نہیں کہ ایک شخص اپنی جگہ پر بیٹھا ہوا ساری دنیا میں درس تدریس پر قادر ہو سکے گا..........

جس رنگ میں اللہ تعالیٰ ہمیں ترقی دے رہا ہے اور جس سرعت سے ترقی دے رہا ہے اس کو دیکھتے ہوئے سمجھنا چاہئے کہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے قریب زمانہ میں ہی یہ تمام دقتیں دور ہو جائیں گی- تو بالکل ممکن ہے کہ قادیان میں قرآن اور حدیث کا درس دیا جا رہا ہو اور جاوا کے لوگ اور امریکہ کے لوگ اور انگلستان کے لوگ اور فرانس کے لوگ اور جرمنی کے لوگ اور آسٹریا کے لوگ اور ہنگری کے لوگ اور عرب کے لوگ اور مصر کے لوگ اور ایران کے لوگ اور اسی طرح اور تمام ممالک کے لوگ اپنی اپنی جگہ وائرلیس کے سیٹ لئے ہوئے وہ درس سن رہے ہوں- یہ نظارہ کیا ہی شاندار نظارہ ہو گا- اور کتنے ہی عالی شان انقلاب کی یہ تمہید ہو گی کہ جس کا تصور کر کے بھی آج ہمارے دل مسرت و انبساط سے لبریز ہو جاتے ہیں-"

(روزنامہ الفضل 13 جنوری 1938ء)

ایک خادم کی دعوت

حضرت خلیفہ اول کے گھر

حضرت ملک غلام فرید صاحب بیان کرتے ہیں کہ-

"مجھے بھائی چوہدری حاکم دین صاحب مرحوم نے بتایا تھا کہ جن دنوں میں بورڈنگ تعلیم الاسلام ہائی سکول میں خادم طفلاں تھا تو حضرت خلیفۃ المسیح الاول نے اپنے اہل خانہ حضرت اماں جی سے فرمایا کہ میرا ایک دوست حاکم دین ہے- اس کی دعوت کرو- اماں جی کو کیا علم کہ حاکم دین کون ہے- ان کے پڑوس میں چوہدری حاکم علی صاحب چک پنیار ضلع سرگودھا والے رہتے تھے جو کہ ایک معزز اور مالدار آدمی تھے اور بہت پرانے احمدی تھے- اماں جی نے چوہدری حاکم علی صاحب کی دعوت سمجھ کر ان کو دعوت پر بلایا- کچھ دنوں کے بعد حضرت خلیفۃ المسیح نے اماں جی سے کہا کہ میں نے چوہدری حاکم دین صاحب کی دعوت کے لئے کہا تھا- آپ نے ابھی تک ان کی دعوت نہیں کی- اماں جی نے کہا کہ میں نے ان کی دعوت کر دی تھی فرمایا کہ میں نے تو انہیں کسی دن اپنے گھر آتے نہیں دیکھا-

باتوں باتوں میں جب حضور کو علم ہوا کہ اماں جی نے بجائے چوہدری حاکم دین کے چوہدری حاکم علی صاحب کی دعوت کر دی تھی- تو فرمایا کہ میرا دوست تو چوہدری حاکم دین ہے جو بورڈنگ میں خادم طفلاں ہے- جب بھی چوہدری حاکم دین صاحب یہ بات سنایا کرتے تھے تو رونے لگ جاتے تھے کہ کہاں حضرت خلیفۃ المسیح جیسا عظیم الشان انسان اور کہاں حاکم دین خادم طفلاں- انہوں نے یہ نہیں بتایا کہ حضرت خلیفہ اول کی اس اظہار شفقت کا باعث کیا تھا- میں سمجھتا ہوں کہ چونکہ وہ خادم طفلاں تھے اور بورڈنگ میں حضور کے صاحبزادہ میاں عبدالحی صاحب سال بھر رہے تھے اور چوہدری صاحب ان کی خدمت کرتے ہوں گے اور گھر بھی آتے ہوں گے- اور اس وجہ سے حضور کو ان کا لحاظ تھا اور ان کی شفقت اور قدردانی ایسی تھی-"

(مبشرین احمد ص 37)

ہمارا فرض

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی فرماتے ہیں-

یہ ہماری جماعت کا کام ہے کہ وہ خلافت احمدیہ کو ایسی مضبوطی سے قائم رکھے کہ قیامت تک کوئی اس میں رخنہ اندازی کرنے کی جرأت نہ کر سکے- اور جماعت اپنی روحانیت اور اتحاد اور تنظیم کی برکت سے ساری دنیا کو (احمدیت) کی آغوش میں لے آئے-

(خطبہ جمعہ فرمودہ 25- جون 1944ء)

تمام سوزوکی گاڑیاں کنٹرول ریٹ پر حاصل کریں
SUZUKI
Sales - Service - Parts
① Pre Delivery Inspection
② First 1000 Km. Free Inspection
WARRANTY
③ 20,000 Km. Or One Year
(Which Ever Comes First)
SUNDAY OPEN
FRIDAY CLOSE
MINI MOTORS
AUTHORISED A. CLASS DEALERS OF
PAK SUZUKI MOTOR CO., LTD.
Gulberg III, Lahore ☎ 5712119-877864
Defence Phase 1, Lhr. Cantt ☎ 5726798

میرے خیال میں

خلافت رابعہ کی سب سے بڑی برکت یہ ہے

احباب کرام کی آراء پر مبنی ایک دلچسپ اور ایمان افروز فیچر

یوسف سہیل شوق

جماعت احمدیہ پر اللہ تعالیٰ کا یہ بڑا احسان ہے کہ اس نے ہم کمزوروں کو خلافت جیسی نعمت عطا فرمائی ہے۔ یہ احسان خداوندی بے شمار برکتوں اور فضلوں کو اپنے دامن میں سمیٹے ہوئے ہے۔ ان برکتوں کا نہ تو کوئی شمار ہے اور نہ ہی کوئی اندازہ کر سکتا ہے۔ یہ برکت تو تبھی محسوس ہوتی ہے جب ٹھنڈے پانی کی طرح' مولا کریم کی محبت کی طرح' خلافت کی محبت بھی ہر مخلص احمدی کے رگ و ریشے میں اترتی چلی جائے۔ اس وقت خلافت کی برکات کو دیکھ کر ہر آنکھ نم اور ہر دل گداز ہو جاتا ہے۔ خلافت کی برکات کا یہ بھی ایک زبردست ایمان افروز پہلو ہے کہ ہر احمدی اس کی برکات کو اپنے اپنے انداز میں محسوس کرتا ہے کسی کے نزدیک ایک پہلو بے حد حسین ہے تو دوسرے کے نزدیک ایک اور پہلو اپنی تابناکی سے نظروں کو چندھیا دیتا ہے۔ ایک احمدی ایک برکت بیان کرتا ہے تو اس کی آنکھوں میں قندیلیں جگمگانے لگتی ہیں دوسرا مخلص ایک دوسری برکت کا اظہار کرتا ہے تو اس کے رگ و ریشے سے خوشیوں اور مسرتوں کی لپٹیں اٹھنے لگتی ہیں۔ غرضیکہ خلافت کی برکات کا تذکرہ' احباب جماعت سے سننا ایک ایسا شاندار اور پرلذت روحانی تجربہ ہے کہ دل بے اختیار اللہ کی حمد سے بھر کر آنکھوں کے راستے چھلک جاتا ہے۔ مولا کریم کی رحمت کا کس منہ سے اور کس انداز سے شکر ادا کریں کہ اس نے ہمیں خلافت کی نعمت عطا کی جس کے مظہر رابع کے دور میں بے حد و حساب نئی برکات کا ظہور ہوا۔ احمدیوں کے سامنے یہ ذکر چھڑے تو لگتا ہے کہ ہر احمدی کا خون سیروں بڑھ گیا ہے۔ بقول غالب

ذکر اس پری وش کا اور پھر بیاں اپنا

ادارہ الفضل نے اس بار فیصلہ کیا کہ یوم خلافت کے خصوصی شمارے کے لئے احباب جماعت کی آراء حاصل کی جائیں اور ان سے پوچھا جائے کہ ان کے خیال میں خلافت رابعہ کے بابرکت دور کی سب سے بڑی برکت کون سی ہے؟ احباب سے یہ بھی درخواست کی گئی کہ وہ صرف ایک 'سب سے بڑی برکت' کا ذکر کریں تاکہ حسین ترین پھولوں کا دلکش گلدستہ تیار ہو سکے۔

قارئین کرام! ان پھولوں کی مہک سونگھئے اور روحانی لذت سے شادکام ہو جائیے۔

حضرت مرزا عبدالحق صاحب امیر ضلع سرگودھا

دعوت الی اللہ کی کامیابی غیر معمولی ہے۔ ہندوستان میں لاکھوں افراد احمدی ہو گئے۔ یورپ کو حضرت صاحب نے زندہ کر دیا ہے۔ ایم ٹی اے بھی اس کا حصہ ہے جس کے ذریعے دعوت الی اللہ کا بہت بڑا راستہ کھل گیا ہے۔ ایسا پہلے کبھی نہ ہوا تھا۔

محترم ثاقب زیروی صاحب مدیر ہفت روزہ لاہور

ایم ٹی اے کا قیام سب سے اہم تحریک ہے۔ اس سے احمدیوں کی تربیت ہو رہی ہے۔ اردو زبان سکھائی جا رہی ہے۔ ہومیو پیتھی کا علم دیا جا رہا ہے۔ سب سے بڑی بات یہ بھی ہے کہ تلاوت کا صحیح طریقہ پتہ لگ رہا ہے۔ لندن میں جائیں تو یوں لگتا ہے ایمرجنسی لگی ہوئی ہے۔ اتنے کام ہو رہے ہیں۔ بچے بڑے ڈیوٹیوں میں دن رات لگے ہوئے ہیں۔

مکرم روشن دین صاحب سمندری سیکرٹری اصلاح وارشاد

نماز اور سچ بولنے کی تحریک۔ انکساری سے کام لینا۔ کوئی گالی دیتا ہو تو انتقام نہ لینا بلکہ خدمت کرنا۔ یہ سب سے زیادہ بابرکت تحریک ہے۔

محترم سید میر محمود احمد صاحب پرنسپل جامعہ احمدیہ

احباب جماعت سے زندہ خدا کا زندہ تعلق قائم کرنا اور پھر اس کو قائم رکھوانا۔

مکرم چوہدری حمید نصر اللہ خان صاحب امیر ضلع لاہور

انٹرنیشنلائزیشن آف جماعت احمدیہ۔ پچھلے پانچ سال کے اعداد و شمار سے یہ بات ثابت ہو گئی ہے۔ ایک دفعہ فرمایا تھا کہ دعا کریں میرے دور میں جماعت ایک کروڑ ہو جائے۔ اللہ نے اپنا فضل کیا پچھلے سال' ایک ہی سال کے اندر ایک کروڑ ہو گئے۔ یقیناً یہ برکت اللہ تعالیٰ نے حضور ہی کے دور خلافت میں رکھی تھی۔ اس بات کا ذکر میں نے لندن میں انٹرنیشنل مجلس شوریٰ میں بھی کیا۔

مکرم خورشید انور صاحب امیر جماعت نارووال

دعوت الی اللہ کی تحریک سب سے زیادہ بابرکت ہے اور سب سے زیادہ حضور ایدہ اللہ کا زور بھی اسی کی طرف ہے اور اپنے نتائج اور پھلوں کے اعتبار سے سب سے زیادہ کامیاب بھی یہی ہے مشکل مقامی حالات کے باوجود احباب جماعت انتہائی کوششیں کر رہے ہیں۔

صوبیدار صلاح الدین صاحب

صدر حلقہ گولبازار ربوہ

دعوت الی اللہ ہی سب سے بڑی تحریک ہے۔ اسی پر سب سے زیادہ زور ہے اور یہی سب سے زیادہ کامیاب بھی ہے۔ اللہ تعالیٰ اسے اور زیادہ کامیاب کرتا چلا جائے۔ آمین

مکرم عبدالمالک صاحب نمائندہ الفضل لاہور

وقف نو کی تحریک سب سے اعلیٰ تحریک ہے۔ جماعت کے مستقبل میں اس کی بہت برکتیں ظاہر ہوں گی۔ اگرچہ بچوں کو ان کے ماں باپ نے وقف کر دیا ہے مگر بلوغت کے وقت ہر بچے سے اس کی رائے پوچھی جائے گی۔ ایک اہم بات جو مشاہدہ میں آئی ہے وہ یہ ہے کہ واقفین نو بچوں کو عام بچوں کی نسبت زیادہ ذہنی صلاحیتیں ملی ہیں یہ تائید الٰہی کا خاص نظارہ ہے۔ اکثر احباب جماعت نے یہ بات مشاہدہ کی ہے۔

مکرم عبدالستار خان صاحب سابق مربی سپین

قادیان کی گمنام مگر مقدس بستی سے جو نور حضرت مسیح موعود کے ذریعہ ظاہر ہوا خلافت رابعہ کے مبارک دور میں تمام اکناف عالم میں انتہائی سرعت اور تیزی سے پھیل رہا ہے۔ اور ہر سال کروڑوں سینے اس نور سے منور ہو کر اپنے رب کریم کے آستانہ پر سربسجود ہو رہے ہیں۔

حضرت مسیح موعود کے متعدد الہامات اور پیشگوئیاں اس مبارک دور میں بڑی شان سے پوری ہو رہی ہیں اور افراد جماعت احمدیہ اپنے محبوب امام کی قیادت میں "بنیان مرصوص" کی طرح اخلاص و فدائیت بھری جانی و مالی بے مثال قربانیاں کر رہے ہیں۔

مکرم چوہدری نصر اللہ بھلّی صاحب نائب امیر سرگودھا

دعوت الی اللہ کی تحریک سب سے زیادہ کامیاب ثابت ہوئی ہے۔ اس میدان میں جو کامیابیاں اللہ تعالیٰ نے خلافت کی برکت سے عطا فرمائی ہیں مذاہب کی تاریخ میں اس کی مثال نہیں ملتی۔ دو لاکھ سے بات شروع ہو کر ہر سال دوگنا ہوتے چلے جانا اور کروڑوں کی تعداد میں داخل ہو جانا ایسی کامیابی ہے جس پر عقل حیران ہے۔

مکرم اقرار حسین ایاز صاحب معلم اصلاح وارشاد

انہوں نے 1988ء میں بیعت کی 1992ء میں معلم بنے۔ ان کا کہنا ہے کہ نماز پڑھنے اور سچ بولنے کی تحریک سب سے زیادہ شاندار تحریکات ہیں۔ کوئی بری بات کرے تو اس کا جواب اچھائی سے دینا۔ اور جماعت کی تعلیم کے متعلق ہر بات بتانا۔

مکرم نعیم احمد خان صاحب ناظم علاقہ انصار اللہ کراچی

ایم ٹی اے کی تحریک سب سے زیادہ بابرکت

ثابت ہوئی۔ پابندی پاکستان میں لگائی گئی اور خلافت کو باہر جانا پڑا۔ اب خلافت اور اس کے متبعین کے درمیان اللہ نے ایسا انتظام کردیا ہے کہ یہ پابندی بے اثر ہوگئی ہے۔ خلیفہ وقت ہر گھر میں پہنچ گئے ہیں۔

مکرم راجہ غالب احمد صاحب
جنرل سیکرٹری جماعت احمدیہ
لاہور

یہ بڑا مشکل سوال ہے۔ ہر لحاظ سے جماعت کی پروجیکشن عالمی سطح پر کردینا سب سے بڑی کامیابی ہے۔ حضور کی اپنی شخصیت کی شناخت ہر جگہ ہے۔ ہر سطح سے افق و آفاق تک جماعت کو پہنچا دیا ہے۔ دعوت الی اللہ کے ذریعے خلیفہ وقت نے گن کر دو کروڑ افراد جماعت میں شامل کر دیئے اب ہم کہہ سکتے ہیں کہ پہلے ہم لاکھوں میں تھے اب کروڑوں میں ہیں۔

مکرم عبدالسمیع خان صاحب
ایڈیٹر الفضل

اس دور میں سب سے بڑی نعمت جماعت کی عملی وحدت اور عالمگیریت ہے۔ یہ خوبی اصول کے طور پر تو آغاز سے ہی جماعت احمدیہ کا طرّہ امتیاز ہے لیکن اس دور میں جو معجزانہ نشان اس کو عطا ہونے ہیں وہ بے مثال ہیں۔ جماعت کی تمام بڑی بڑی تقریبات عالمگیر ہو گئی ہیں۔ عالمی دعائیں، عالمی درس قرآن، عالمی خطبہ جمعہ، عالمی جلسے، عالمی نکاح یہ وہ نعمتیں ہیں جو تاریخ انسانیت میں ہمیں پہلی بار نظر آتی ہیں۔ ہم یہ خوش قسمت دور دیکھنے پر خدا کا شکر ادا کرتے ہیں۔

مکرم مولانا محمد سعید انصاری صاحب
سابق مربی انچارج سنگاپور ملائشیا

الصلوٰۃ معراج المومن۔ نمازوں کی طرف حضور کی تحریک اس دور کی سب سے بابرکت تحریک ہے۔ اس دور میں اس کی طرف خاص توجہ ہوئی۔ نماز باجماعت اور بروقت ادائیگی۔ معراج سے اوپر تو اور کوئی چیز ہو نہیں سکتی۔ اسی میں ساری باتیں آجاتی ہیں۔

مکرم میر نور احمد تالپور امیر
جماعت حیدر آباد

ایم ٹی اے کی تحریک سب سے بڑی ہے۔ وضاحت کی ضرورت بھی نہیں۔ اپنی وضاحت خود آپ ہے۔ ساری دنیا میں احمدیت کا تعارف ہوگیا ہے۔

مکرم مبشر احمد گوندل صاحب
ناظم ضلع انصار اللہ حیدر آباد

ایم ٹی اے کی برکت ہے کہ جنگل میں بھی بیٹھے ہوں تو اس کے ذریعے سے گویا جماعت میں بیٹھے ہیں۔ ٹی وی کھولتے ہیں تو چھوٹے چھوٹے بچے بھی بھاگ کر آجاتے ہیں کہ حضرت صاحب آ گئے۔ بچوں میں بھی حضور کی چہرہ شناسی ہے۔

مکرم ڈاکٹر بشیر احمد صاحب
کنڈیارو امیر نوشہرو فیروز سندھ

سب سے بڑا ڈش کا کارنامہ ہے۔ اب تو دنیا مانتی ہے۔ تمام دنیا جو ہماری بات نہیں سنتی تھی گالیاں دیتی تھی۔ اب ہماری بات سنتی ہے۔ ہم حیران ہیں کہ لوگ کہتے ہیں کہ ہم خود سنتے ہیں۔ ایک غیر احمدی نے بتایا کہ ہماری ڈش خود بخود پھر گئی اور ایم ٹی اے آگیا وہ کہتے ہیں کہ لوگ یونہی باتیں کرتے تھے۔ یہاں تو نیکی کی باتوں کے سوا اور کچھ بھی نہیں ہے۔

مکرم حکیم محمد جمیل صاحب امیر
ضلع بدین

دعوت الی اللہ کی سکیم یوں تو سو سال سے جاری تھی لیکن اس کو جو رخ حضرت خلیفہ رابع نے دیا ہے اس کے اثرات دیکھ کر ہر احمدی حیران اور خوش ہے ہم خود دیکھتے تھے کہ کوئی کامیابی نہیں ہوتی تھی۔ لیکن جب دعوت الی اللہ کا حکم ملا اور گھروں سے نکلے تو خدا نے پھل بھی دے دیا۔

مکرم شیخ مظفر احمد صاحب
امیر ضلع فیصل آباد

دعوت الی اللہ کی جو رو لگائی ہے نتائج سے بے پرواہ ہو کر، مخالفتوں کے باوجود، اس سے جماعت بہت مضبوط ہو گئی ہے۔ نئی نسل کی تربیت کا سامان خود بخود ہو گیا ہے۔ ایم ٹی اے بھی اسی کے تتبع میں ہے۔ جماعت میں جو ولولہ، مخالفت کے باوجود، اس سے پیدا ہوا ہے یہ غیر معمولی ہے۔ یہ سب سے زیادہ کامیاب اور بابرکت تحریک ہے۔

ملک محمود احمد صاحب لاہور

دعوت الی اللہ کی تحریک پہلے دن سے پیارے حضور نے جس جوش و جذبہ سے فرمائی ہے یہ اہم ترین تحریک ہے۔ اس کا نتیجہ ہے کہ دنیا بھر میں لوگ جوق در جوق احمدی ہو رہے ہیں۔ سالانہ بیعتوں کی تعداد چند ہزار سے بڑھ کر لاکھوں اور اب کروڑوں میں داخل ہو گئی ہے۔ حضور کا فرمان صحیح ثابت ہوا کہ جو جوت اللہ نے میرے دل میں لگائی ہے وہ سب دلوں میں لگ چکی ہے۔

مکرم فخر الحق شمس صاحب
رکن ادارہ الفضل

ہمارے محبوب امام سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے دور خلافت میں خاص طور پر احباب جماعت کو الٰہی جہاد کے لئے تیاری کا حکم دیا۔ دنیا کے تیروں کا مقابلہ دعاؤں کے تیروں سے کرنا سکھایا، عبادت گاہوں میں لڑائی کے گر بتائے اور راتوں کو اٹھ کر اپنی عبادت گاہوں کو گرم کرنا سکھایا۔ اس وجہ سے تمام دنیا کے احمدی گریہ و زاری کرتے ہوئے خدا تعالیٰ کے حضور جھکے اور انشاء اللہ جھکتے چلے جائیں گے۔

قریشی محمد سلیم اسلم سابق
امیر ضلع مظفر گڑھ

ایم ٹی اے کا اجراء بنیادی چیز ہے۔ یہی جماعت کی ترقی کی وجہ بن رہا ہے۔ تمام ملکوں سے رابطہ ہوگیا ہے۔ جو پابندی تھی وہ بے اثر ہو گئی۔ ساری دنیا سے جماعت متعارف ہو گئی۔ ترقی اور دعوت الی اللہ جو رکی ہوئی تھی اس کو ایم ٹی اے نے دوبارہ جاری کرادیا۔

محمد اصغر ابڑو۔ لاڑکانہ

دعوت الی اللہ کی تحریک کا بڑا نام ہے۔ اللہ کا پیغام ساری دنیا میں پہنچا دیا۔ یہی ہمارا کام ہے۔ ہمارے علاقے میں بھی کامیابیاں مل رہی ہیں۔ ہر سال نئے پھل مل رہے ہیں الحمدللہ۔ میں ایک نو مبائع احمدی سے ملاقات کرنے گیا۔ باہر کر موٹر سائیکل کا ہارن دیا۔ نہ وہ میرا واقف نہ میں اس کا۔ وہ نکلا مجھ سے لپٹ گیا۔ میں نے پوچھا کیسے پتہ لگا کہ میں احمدی ہوں۔ کہنے لگا احمدی سے خوشبو آجاتی ہے۔

ڈاکٹر عطاء الرحمان صاحب امیر
ضلع ساہیوال

جماعت کی قربانیاں سب سے اہم ہیں۔ خدا کی حکمت کے تحت حضرت صاحب کو باہر لے گیا۔ میں کینیڈا میں حضور سے ملا اور کہا کہ دلوں سے یہ دعائیں کہ آپ واپس آجائیں اب اس زور سے نہیں نکل رہیں۔ فرمانے لگے اسلام آباد (لندن) سے ہو کر تو نہیں آئے۔ میں نے کہا ہو کر آرہا ہوں۔

عبدالحمید کارکن سرائے محبت

ایم ٹی اے سب سے بابرکت ہے۔ اس کی برکات ساری دنیا میں پھیل رہی ہیں۔ اس کی وجہ سے ہی تعداد میں اضافہ ہو رہا ہے۔ ورنہ انفرادی طور پر ہم کیا کرسکتے تھے۔ دو یا چار کو سنا لیتے۔ اب ساری دنیا سن رہی ہے۔

مکرم عبدالحی صاحب
دوکاندار ربوہ

قرآن کریم کا صحیح تلفظ سے پڑھنا اور نمازوں پر زور یہ اس خلافت کی سب سے بڑی برکات ہیں۔ ساری عمر سے قرآن پڑھ رہے تھے مگر اب صحیح پڑھنا شروع کیا ہے۔ نمازوں پر زور اس سے پہلے کبھی اس طرح نہیں دیا گیا۔ لگتا ہے کہ اب تو سارے احمدی نمازی ہو گئے ہیں۔

مکرم احسان الحق خان صاحب
امیر جماعت کوئٹہ

دشمنوں نے چاہا ان کا منہ بند کردو۔ خلیفہ کو بھی روک دو۔ مگر ایم ٹی اے کے ذریعے سے دونوں باتیں ناکام ہوگئیں اب ہر جمعہ ہی نہیں ہر روز ملاقات ہوتی ہے۔ پابندی بھی نہیں لگا سکتے۔ ایم ٹی اے سے ہی سارا انقلاب آیا ہے۔

مکرم ڈاکٹر شفیق سہگل صاحب
امیر جماعت ملتان

ایم ٹی اے ایسی تحریک ہے جس کا فوری اثر ہوا۔ ہر لحاظ سے ایم ٹی اے عالمگیر تحریک ہے۔ ہمیں ایک نعمت سے محروم کرنے کی کوشش کی گئی۔ وہ ساری نعمت اللہ نے ہمارے ہی لئے نہیں بلکہ ساری دنیا کے لئے عام کردی۔ اب حضرت صاحب کی باتیں سنتے ہیں اور پیاس بجھاتے ہیں۔

مکرم انجینئر ارشاد احمد خان
امیر جماعت پشاور

وقف نو، ایم ٹی اے اور دعوت الی اللہ اور مالی تحریکات، تحریک دعوت الی اللہ بنیادی تحریک ہے۔ باقی اس کی شاخیں ہیں ہندوستان میں شاندار کامیابیاں حاصل ہو رہی ہیں۔

مکرم حافظ عبدالحلیم صاحب
مربی سلسلہ

میرے نزدیک خلافت رابعہ کی سب سے اہم برکت ایم ٹی اے ہے جو حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی پسندیدہ دعا رب ادخلنی..... کی قبولیت کا نشان بھی ہے۔ ایم ٹی اے، مرزا طاہر احمد کا مخفف بھی ہے۔ حضرت خلیفہ رابع کی پیدائش 1928ء میں ہوئی اور ٹیلی ویژن کی ایجاد بھی اسی دور میں ہوئی۔ مبارک عابد صاحب کا شعر ہے۔

ہر کسی منڈیر پر اس نے تو دیپک رکھ دیئے
تم نے آنکھیں موند لیں تم کو نظر آیا نہیں

خلافت کی برکات کو یاد رکھیں اور سال میں ایک دن خلافت ڈے کے طور پر منائیں

یہ جلسے قیامت تک کرتے چلے جاؤ تا کہ خلافت کا ادب اور اہمیت قائم رہے

یوم خلافت منانے کے متعلق حضرت مصلح موعود کا ارشاد اور جماعت کا پہلا یوم خلافت

حضرت مصلح موعود نے اجتماع مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ 1956ء کے موقع پر ارشاد فرمایا:-

”خلافت کی برکات کو یاد رکھیں اور کسی چیز کو یاد رکھنے کے لئے پرانی قوموں کا یہ دستور ہے کہ وہ سال میں اس کے لئے خاص طور پر ایک دن مناتی ہیں- مثلاً شیعوں کو دیکھ لو وہ سال میں ایک دفعہ تعزیہ نکال لیتے ہیں تا قوم کو شہادت حسینؓ کا واقعہ یاد رہے- اسی طرح میں بھی خدام کو نصیحت کرتا ہوں کہ وہ سال میں ایک دن خلافت ڈے کے طور پر منایا کریں- اس میں وہ خلافت کے قیام پر خدا تعالیٰ کا شکر ادا کریں اور پرانی تاریخ کو دہرایا کریں- پرانے اخبارات کا ملنا تو مشکل ہے- لیکن الفضل نے پچھلے دنوں ساری تاریخ کو از سر نو بیان کر دیا ہے- اس میں وہ گالیاں بھی آ گئی ہیں جو پیغامی لوگ حضرت خلیفہ اول کو دیا کرتے تھے- اور خلافت کی تائید میں حضرت خلیفۃ المسیح اول نے جو دعوے کئے ہیں وہ بھی نقل کر دیئے گئے ہیں- تم اس موقعہ پر اخبارات سے یہ حوالے پڑھ کر سناؤ اگر سال میں ایک دفعہ خلافت ڈے منالیا جایا کرے تو ہر سال چھوٹی عمر کے بچوں کو پرانے واقعات یاد ہو جایا کریں گے- پھر تم یہ جلسے قیامت تک کرتے چلے جاؤ تا جماعت میں خلافت کا ادب اور اس کی اہمیت قائم رہے- حضرت مسیح موعود (-) خدا کرے ان کی خلافت دس ہزار سال تک قائم رہے- مگر یہ اسی طرح ہو سکتا ہے کہ تم سال میں ایک دن اس غرض کے لئے خاص طور پر منانے کی کوشش کرو- میں مرکز کو بھی ہدایت کرتا ہوں- کہ وہ بھی ہر سال سیرت النبیؐ کے جلسوں کی طرح خلافت ڈے منایا کرے اور ہر سال یہ بتایا کرے کہ جلسہ میں ان مضامین پر تقاریر کی جائیں الفضل سے مضامین پڑھ کر نوجوانوں کو بتایا جائے کہ حضرت خلیفۃ المسیح اول نے خلافت احمدیہ کی تائید میں کیا کچھ فرمایا ہے اور پیغامیوں نے اس کے رد میں کیا کچھ لکھا ہے- اسی طرح وہ رؤیا و کشوف بیان کئے جایا کریں جو وقت سے پہلے خدا تعالیٰ نے مجھے دکھائے اور جن کو پورا کر کے خدا تعالیٰ نے ثابت کر دیا کہ اس کی برکات اب بھی خلافت سے وابستہ ہیں“- (الفضل یکم مئی 57ء ص 4)

حضور کے اس ارشاد پر نظارت اصلاح و ارشاد نے احباب جماعت کے مشورہ سے الفضل 9 نومبر 1956ء میں یہ اعلان کیا کہ 27 مئی کو ”یوم خلافت“ مقرر کیا جاتا ہے- چنانچہ 1957ء سے دنیا بھر کی احمدی جماعتیں اس تاریخ کو نہایت جوش و خروش اور باقاعدگی سے یوم خلافت منا رہی ہیں-

ربوہ میں پہلا یوم خلافت

27 مئی 1957ء کو جماعت احمدیہ کی طرف سے دنیا بھر میں پورے جوش و خروش کے ساتھ ”یوم خلافت“ منایا گیا- مرکز احمدیت ربوہ میں اس روز بیت المبارک میں مولانا ابو العطاء صاحب پرنسپل جامعۃ المبشرین کی زیر صدارت ایک عظیم الشان جلسہ ہوا جو صبح 7 بجے سے گیارہ بجے قبل دوپہر تک جاری رہا- فاضل مقررین نے اپنی تقاریر میں خلافت کے ہر پہلو کو قرآن مجید احادیث نبوی، حضرت مسیح موعود کی تحریرات اور حضرت خلیفہ اول کی تصریحات کی روشنی میں نہایت خوبی سے واضح کیا اور بتایا کہ انوار نبوت کو جاری رکھنے کے لئے خلافت کو قائم رکھنا اور اس کے شایان شان اعمال بجا لانا نہایت ضروری ہے- مقررین نے حسب وصیت حضرت مسیح موعود خلافت احمدیہ کے قیام و استحکام اور اس کے بالمقابل منکرین خلافت کی ریشہ دوانیوں اور ان کے حسرت ناک انجام پر بھی روشنی ڈالی- نیز حضرت خلیفۃ المسیح الاول نے جس عزیمت اور جلالت شان کے ساتھ جماعت میں خلافت کے نظام کی بنیاد رکھی- اس کو بھی واضح کیا- اور پھر سیدنا حضرت المصلح الموعود الودود کی خلافت کے دور میں نظام خلافت کے طفیل جو عظیم الشان برکات نازل ہوئیں اور اطراف و جوانب عالم میں دین کو تمکنت نصیب ہوئی اور احمدیت کی سربلندی کے سامان پیدا ہوئے اور جن میں حضور کے وجود باجود کی برکات سے روز بروز اضافہ ہو رہا ہے- ان کو بھی وضاحت کے ساتھ بیان فرمایا- حاضرین نے نظام خلافت کی ضرورت و اہمیت اور اس کی عظیم الشان برکات کے موضوعات پر علماء سلسلہ کی ایمان افروز تقاریر سننے کے بعد ایک نئے جوش اور نئے عزم کے ساتھ اپنے اس مقدس عہد کو دہرایا کہ وہ سیدنا حضرت مسیح موعود (-) کے مشن کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے کے لئے خلافت حقہ کے آسمانی نظام کے ساتھ ہمیشہ وابستہ رہیں گے اور نسلاً بعد نسلٍ اس نظام کو قیامت تک جاری رکھتے چلے جائیں گے تا تائید و نصرت الٰہی مرکزیت، باہمی اتحاد و اخوت اور احمدیت کی سربلندی کی شکل میں خلافت کی جن عظیم الشان برکات کا انہوں نے قدم قدم پر مشاہدہ کیا ہے ان کا سلسلہ ہمیشہ ہمیش جاری رہے صاحب صدر کی اقتداء میں شمع خلافت کے پروانوں نے عہد کے الفاظ دہرا کر اپنے عزم کا اظہار کیا خلافت کے ساتھ والہانہ محبت و عقیدت کا یہ منظر دیکھنے کے لائق تھا- بیت مبارک ہزاروں قلوب کی گہرائیوں سے نکلی ہوئی پر جوش آوازوں سے گونج رہی تھی-

(الفضل 29 مئی 1957ء)

امام وقت کے ساتھ خدائی تائید و نصرت

ایک حیرت انگیز واقعہ

مکرم نصیر احمد قمر صاحب ایڈیٹر ہفت روزہ الفضل انٹرنیشنل لندن پچھلے دنوں ربوہ تشریف لائے تو خلافت لائبریری میں ان کے اعزاز میں ایک دعوت کا اہتمام کیا گیا۔ اس موقعہ پر مکرم نصیر احمد قمر صاحب نے احباب کے اصرار پر کہ وہ کچھ کہیں 'امام وقت کے ساتھ خدائی تائید و نصرت کا ایک حیرت انگیز اور ایمان افروز واقعہ بیان فرمایا۔

انہوں نے کہا کہ ہمارا ایمان ہے کہ اللہ تعالیٰ کی تائید و نصرت خلیفۂ وقت کے ساتھ ہوتی ہے۔ اللہ ہی ان کے سب کام کرتا ہے۔ جلسہ سالانہ 1989ء کا ایک واقعہ ہے۔ میں ان دنوں حضور کے پرائیویٹ سیکرٹری کی ڈیوٹی انجام دے رہا تھا۔ صبح 8 بجے حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ارشاد موصول ہوا کہ دنیا کی مختلف اہم دیواروں کے بارے میں یعنی دیوار چین' خورس کی دیوار اور دیوار برلن وغیرہ کے بارے میں اہم معلومات فراہم کی جائیں۔ خورس کی دیوار کے بارے میں مواد تفسیر کبیر سے نکالنے کی ذمہ داری ایک دوست کے سپرد کی۔ دیوار چین کے بارے میں میں نے سوچا کہ انسائیکلو پیڈیا سے مواد مل جائے گا۔ ایک انسائیکلو پیڈیا حضور کے گھر واقع لندن میں موجود تھا۔ ایک صاحب کو اسلام آباد سے لندن بھجوایا حضور کے گھر میں حضور کے داماد مکرم میاں سفیر احمد صاحب موجود تھے۔ ان سے فون پر رابطہ کر کے انسائیکلو پیڈیا کا مطالعہ کرنے کی اجازت طلب کی چنانچہ وہ صاحب روانہ ہو گئے۔ اب اہم مسئلہ دیوار برلن کے بارے میں تازہ ترین معلومات حاصل کرنے کا تھا۔ یہ معلومات کہیں سے نہ مل رہی تھیں۔ اتنے میں ایک خاتون مکرمہ صالحہ صفی صاحبہ دفتر پرائیویٹ سیکرٹری میں تشریف لائیں۔ وہ لائبریریوں میں کام کر چکی تھیں۔ میں نے اسے امداد غیبی سمجھا اور ان کو کہا کہ فون پر لائبریریوں سے رابطہ کریں اور جو معلومات مل سکیں وہ فون پر حاصل کر لیں۔ انہوں نے فون کا رسیور اٹھایا مگر ساتھ ہی واپس رکھ دیا۔ کہنے لگیں کہ آج تو اتوار ہے آج تو ساری لائبریریاں بند ہوں گی۔ میں نے اصرار کیا کہ کوشش کر کے دیکھیں کوئی نہ کوئی تو کھلی مل ہی جائے گی۔ اس پر انہوں نے دوبارہ فون اٹھایا مگر تھوڑی دیر بات کرنے کے بعد دوبارہ فون رکھ دیا اور کہا کہ آج فلاں خاص دن ہے۔ جو ایک آدھ لائبریری کھلنی تھی وہ بھی بند ہے۔ میری پریشانی میں اضافہ ہوتا جا رہا تھا۔ اس وقت دن کے گیارہ بجنے والے تھے۔ جلسہ سالانہ کی مصروفیات کی وجہ سے کام کا دباؤ بھی غیر معمولی تھا۔ میں ساتھ ساتھ کام نبٹا رہا تھا اور ساتھ ساتھ سوچتا جا رہا تھا کہ کیا کیا جائے۔ میرے ذہن میں آیا کہ برلن کی دیوار کے بارے میں ایک تازہ کتاب چھپی تھی جو حضور کی خدمت میں آئی تھی۔ وہ دفتر پرائیویٹ سیکرٹری لندن میں کہیں رکھی تھی۔ اگر میں خود جا سکتا تو جا کر شاید ڈھونڈ لیتا۔ مگر اس وقت میرا اسلام آباد سے نکلنا بالکل ناممکن تھا۔ اور میرے سوا اور کسی کو علم نہ ہو سکتا تھا کہ وہ کتاب کہاں سے مل سکے گی۔ صالحہ صفی کے میاں صاحب بار بار میرے پاس آ رہے تھے۔ ان کے چہرے پر بھی پریشانی تھی اور بے قراری میں وہ بار بار میرے پاس آتے اور کہتے اب کیا کیا جائے۔ اس وقت تک دن کے بارہ بجے کا وقت ہو چلا تھا۔ اب کہیں آنے جانے کا وقت گذر چکا تھا۔ جب صالحہ صفی کے میاں آخری بار میرے پاس آئے اور اپنی پریشانی کا پھر اظہار کیا تو میرے منہ سے عجیب الفاظ نکلے یہ وہ الفاظ تھے جو عموماً میری عادت میں شامل نہیں کہ بیان کروں۔ میرا تو ایمان ہے کہ سب کام خدا کے فضل سے ہونے ہوتے ہیں ہمارا تو محض ہاتھ لگا ہوا ہے' بہرحال میں نے ان صاحب کو تنگ آ کر بے ساختہ کہا'

میں نے ٹھیکہ نہیں لیا ہوا۔ جس نے ان کو خلیفہ بنایا ہے وہ خود ان کے سارے کام کرے گا۔ اس سے زیادہ میری کوئی ذمہ داری نہیں۔

صالحہ صفی کے میاں صاحب حیرانی سے مجھے دیکھنے لگے اور اب وقت یہ تھا کہ تفسیر کبیر سے ملنے والا مواد بھی آ گیا تھا۔ لندن سے انسائیکلو پیڈیا سے جو معلومات لینی تھیں وہ بھی پہنچ چکی تھیں۔ میں نے گھڑی دیکھی پونے بارہ بجے کا وقت تھا۔

اللہ کی شان دیکھیں! سبحان اللہ! میں قربان جاؤں پیارے مولا کے جس نے خلیفہ خود بنایا اور جو خود ہی ان کے سارے کام کرتا ہے۔ عین اس وقت ایک دوست جن کا نام قمر صاحب ہے میرے دفتر میں داخل ہوئے۔ ان کے بھائی امریکہ سے جلسہ میں شریک ہونے کے لئے آئے تھے۔ انہوں نے اپنے بیگ سے ایک کتاب نکالی اور کہا کہ میرے بھائی نے درخواست کی ہے کہ اس کتاب پر حضور کے دستخط کروا دیں۔ یہ دیوار برلن اور فرائیڈے دی ٹینتھ کی پیشگوئی پوری ہونے کے بارے میں ہے۔ اللہ اکبر میں نے کتاب ہاتھ میں لی۔ یہ وہی کتاب تھی جس کی فکر میں میں صبح سے پریشان ہو رہا تھا۔ میری آنکھوں میں بے اختیار نمی آ گئی۔ میرے مولا نے یہ کتاب امریکہ سے بھجوا دی ہے۔ میں نے فوراً صالحہ صفی کے میاں صاحب کو بلایا۔ یہ لیں کتاب یہ امریکہ سے ابھی ابھی آئی ہے اس کا خلاصہ چند منٹوں میں نکال دیں۔ انہوں نے تیزی سے کتاب ہاتھ میں لی اور اس کے ورق پلٹنے شروع کر دیئے۔ میں نے کنکھیوں سے ان کی طرف دیکھا۔ ان کی آنکھیں بھی اپنے مولا کی محبت میں آنسوؤں کا نذرانہ پیش کر رہی تھیں۔ انہوں نے پندرہ بیس منٹ لگائے اور ضروری معلومات کاغذ پر لکھ کر مجھے پکڑا دیں اور حضور کی تقریر شروع ہونے سے چند منٹ قبل میں نے حاضر ہو کر مطلوبہ مواد حضور کے دست مبارک میں تھما دیا۔

